ادارہ

ظلمت سے نور تک

قادیانیوں کا قبولِ اسلام

رحیم یار خان: قادیانی مبلغ کی بہو نے ۵ بچوں کے ہمراہ اسلام قبول کر لیا

رحیم یار خان (۵رستمبر) قادیانی مبلغ کی بہو اپنی دو بیٹیوں اور تین بیٹوں کے ہمراہ مشرف بہ اسلام۔ تفصیلات کے مطابق چناب نگر (ربوہ) کے قادیانی مبلغ محمد قاسم ایاز کی بہو یاسمین اپنی بیٹیوں سولہ سالہ سحرش منور، دس سالہ ثناء منور، اور تین بیٹوں بائیس سالہ محسن منور، بیس سالہ احسن منور اور سولہ سالہ حسن منور کے ساتھ گزشتہ روز حضرت میاں مسعود احمد دین پوری کے دست حق پرست پر مشرف بہ اسلام ہو گئے۔ محمد قاسم ایاز پچاس سال سے زائد عرصہ سے مرزا قادیانی کا مبلغ تھا۔ اس کے ننھیال قادیانی جبکہ ددھیال الحمدللہ مسلمان ہیں۔ مرزا قاسم ایاز کا بیٹا منور بھی قادیانی خلیفہ کے مصاحب میں شمار ہوتا تھا۔ مشرف بہ اسلام ہونے والوں نے اظہار خیال کرتے ہوئے بتایا کہ ہمیں قادیانی مذہب کی کتابوں اور اسلامی تعلیمات سے دور رکھا گیا جب ہمارے خاندان کے مسلمان بزرگوں نے ہم تک دین کی روشنی پہنچائی تو ہمیں دین حق کے بارے میں جاننے کی جستجو ہوئی۔

کراچی: قادیانی خاندان نے اسلام قبول کر لیا

کراچی (نمائندہ خصوصی) چار افراد پر مشتمل ایک قادیانی خاندان نے مجلس تحفظ ختم نبوت کراچی کے امیر مولانا نذیر احمد تونسوی کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لیا۔ نومسلموں کے نام محمد یونس، نگینہ بیگم، ارسلان احمد اور خوشبو یونس ہیں۔ اس موقع پر نومسلموں نے اعلان کیا کہ وہ حضرت محمد ﷺ کو آخری نبی سمجھتے ہیں، جن کے بعد تا قیامت کسی کو تشریعی، غیر تشریعی اور ظلی یا بروزی نبوت نہیں ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ جو شخص آنحضرت ﷺ کے بعد عقیدہ ختم نبوت کا انکار کرے یا دعویٰ نبوت کرے خواہ وہ بلاواسطہ یا بالواسطہ یا تاویل کے ساتھ، وہ زندیق، کافر، مرتد اور خارج از اسلام ہے۔

سرگودھا: قادیانی نوجوان کا قبول اسلام

سرگودھا (نامہ نگار) سرگودھا کے رہائشی علاقہ باجوہ کالونی میں قادیانی نوجوان نے قادیانیت سے تائب ہو کر اسلام قبول کر لیا اور دینی تعلیم حاصل کر کے اسلام کی خدمت کے عزم کا اظہار کیا ہے۔